Question Paper Serial No. **100**

# C

**CCE PR**
**NSR & NSPR**

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 12 ]
Total No. of Printed Pages : 12 ]
ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 47 ]
Total No. of Questions : 47 ]

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 66-U**
**Code No. : 66-U**

## ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ — ಉರ್ದು

## Subject : Third Language — URDU

**(ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಎನ್.ಎಸ್.ಆರ್. & ಎನ್.ಎಸ್.ಪಿ.ಆರ್.)**

**(Private Repeater / NSR & NSPR)**

ದಿನಾಂಕ : 01. 07. 2022 ] [ Date : 01. 07. 2022
ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 10-30 ರಿಂದ 1-30 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-30 A.M. to 1-30 P.M.
ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100 ] [ Max. Marks : 100

### عام ہدایات :

1. سوالی پرچہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 47 سوالات ہیں۔
2. اس سوالی پرچہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

یہاں سے کاٹئے

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

اس سوالنامہ کو کھولنے کے لئے یہاں سے کاٹئے

Tear here

**I.** درجِ ذیل ہر سوال کے لئے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ان میں سے سب سے مناسب جواب چُن کر لکھئے :

**10 x 1 = 10**

1. وہ نظم جس میں حضور اکرم ﷺ کی تعریف وتوصیف بیان کی گئی ہو۔

(A) حمد (B) نعت

(C) غزل (D) رُباعی

2. اِن میں جمع لفظ یہ ہے۔

(A) فن (B) ذریعہ

(C) ہدایات (D) ایجاد

3. وہ جملہ جس میں صرف ایک مبتدا اور ایک خبر ہو، کہلاتا ہے۔

(A) جملۂ مفرد (B) جملۂ مرکب

(C) جملۂ فعلیہ (D) جملۂ اسمیہ

4. ''اربیہ نے کھانا کھایا۔'' اس جملے میں علامتِ فاعل یہ ہے۔

(A) اربیہ (B) نے

(C) کھانا (D) کھایا

5. غزل کا آخری شعر کہلاتا ہے۔

(A) بیت الغزل (B) تخلص

(C) مطلع (D) مقطع

6. اِن میں مونث لفظ الگ کیجئے۔

(A) طریقہ (B) خزانہ

(C) روشنی (D) رواج

7. وہ خطوط جو اپنے کُنبے والوں، رشتے داروں، دوستوں اور ملنے جلنے والوں کو لکھے جاتے ہیں۔

(A) نجی خطوط (B) سرکاری خطوط

(C) کاروباری خطوط (D) دفتری خطوط

8. وہ نظم جو چار مصرعوں پر مشتمل ہو، کہلاتی ہے۔

(A) غزل (B) قصیدہ

(C) مناجات (D) رباعی

9. مرکب جملے کی قسمیں ہیں۔

(A) چار (B) تین

(C) دو (D) ایک

10. وہ الفاظ جو دو لفظوں یا دو جملوں کے درمیان آتے ہیں اور دونوں کو باہم ملاتے ہیں، کہلاتے ہیں۔

(A) حروفِ عطف (B) حروفِ فجائیہ

(C) حروفِ علت (D) حروفِ تخصیص

**II.** پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے : **5 x 1 = 5**

11. شام : صبح :: مشکل : .........

12. دَور : زمانہ :: دُور : .........

13. ایجاد : ایجادات :: فرد : .........

14. معالج : علاج کرنے والا :: پرستار : .........

15. پارہ چڑھنا : غصّہ ہونا :: آنکھیں چمک اٹھنا : .........

**III.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک ایک جملے میں لکھئے : **5 x 1 = 5**

16. شیخ حسین عبداللہ کس نام سے مشہور ہوئے ؟

17. ملّا نصیر الدین کو اپنا وعدہ کب یاد آیا ؟

18. محمد علی جوہؔر کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟

19. سلیمان خطیب کی ابتدائی تعلیم کہاں ہوئی ؟

20. محمد علی جوہؔر کا لقب کیا تھا ؟

**IV.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : **10 x 2 = 20**

21. عطاؔ کلیانوی خاموش رہنے کی تاکید کیوں کر رہے ہیں ؟

22. سر ایم وشویشوریا کو میسور کے دیوان کا عہدہ کس نے اور کیوں پیش کیا ؟

23. ملّا نصیر الدین کو کس لئے اپنے گھر میں چُھپ کر بیٹھنا پڑا ؟

24. شعر و شاعری کے علاوہ عمر خیّام کی شہرت کس حیثیت سے ہوئی ؟

25. مولانا محمد علی جوہرؔ کے اُردو اور انگریزی اخبارات کے نام بتائیے۔

26. ''کم سخن بھی ہیں، باتونی بھی'' سلیمان خطیب سے متعلق کہے گئے اس جملے کی وضاحت کیجئے۔

27. حضور اکرم ﷺ جب حرم پاک میں پہنچے تو لوگوں نے کس طرح اپنی محبت کا اِظہار کیا ؟

28. ریاستِ میسور میں سر ایم وشویشوریا نے کونسے کارخانے قائم کئے ؟

29. معراج کو مولانا ابوالبیان حمّادؔ نے نعتِ شریف میں کس نام سے یاد کیا ہے ؟

30. ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے :

(i) صدا (ii) آرزو

**V.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : **11 x 3 = 33**

بحوالۂ متن درجِ ذیل جملوں کی وضاحت کیجئے :

31. ''اس نام کی کوئی مچھلی ہمارے پاس نہیں ہے۔''

32. ''کیا اس ملک سے جاپان کو برآمد کرنے کے لئے ہم ہی ایک مناسب چیز رہ گئے ہیں ؟''

33. ''تو پھر آج رات کا کھانا آپ کے یہاں ہی رہے گا۔''

34. درجِ ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے :

(i) کرشن چندر (ii) مجتبیٰ حسین

35. درجِ ذیل شعراء میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے:

(i) سید احمد شاکرؔ (ii) مرزا غالبؔ

درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

36. موت کا ایک دن معین ہے

نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

37. سدا ہم تو کھوئے گئے سے رہے

کبھو آپ میں تم نے پایا ہمیں

38. یہ پھول مجھے کوئی وراثت میں ملے ہیں

تم نے مرا کانٹوں بھرا بستر نہیں دیکھا

**درجِ ذیل سوالات کے مختصر جوابات دیجئے:**

39. شاعر سیّد احمد شاکر نے اپنی نظم ''قومی یکجہتی'' میں کن اہم باتوں کا اظہار کیا ہے ؟

40. ہانگ کانگ ہوائی اڈہ پر جب طیارہ اترتا ہے تو کیسا محسوس ہوتا ہے اور کیوں ؟

41. درجِ ذیل انگریزی تحریر کا اردو میں ترجمہ کیجئے :

Maulana Abul Kalam Azad was Born in Macca. He was a freedom fighter. He was the first Education Minister of India.

**VI.** درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جواب لکھئے : **3 x 4 = 12**

42. ''حمد'' کے ابتدائی چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھئے۔

43. حضرت عائشہؓ کی فیاضی اور سخاوت کا کوئی واقعہ بیان کیجئے۔

یا

علمِ طبعیات، فنِ طب اور علمِ ریاضی پر بوعلی سینا کے کیا کیا احسانات رہے ؟

44. سلیمان خطیب کی شخصیت پر مختصر نوٹ لکھئے۔

**VII.** درجِ ذیل تحریر کا بغور مطالعہ کیجئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے : **5 x 1 = 5**

45. حکیم اجمل خاں 1863ء کو دلّی میں پیدا ہوئے۔ وہ دلّی شہر کے نہایت ہی مشہور حکیم تھے۔ اِن کی شہرت پورے ہندوستان میں پھیلی ہوئی تھی۔ حکیم خاں بڑے با کمال انسان تھے۔ اِن کی ذہانت کا یہ عَالَم تھا کہ بہت کم عمری میں انہوں نے قرآن حفظ کرلیا۔ عربی اور فارسی کی تعلیم گھر پر ہی مکمل کرلی۔

بچپن ہی سے کُتب بینی کا شوق تھا۔ گھنٹوں کتابیں پڑھتے رہتے۔ کھانے پینے کا بھی ہوش نہ رہتا تھا۔ اِن کے اس شوق کو دیکھ کر اُن کے والد پیار سے اُن کو مُلّا پکارتے تھے۔ اُن کے والد حکیم محمود خاں نے طبِ یونانی کو زندہ رکھنے کے لئے دہلی میں ایک طبیّہ مدرسہ جاری کیا تھا۔

سوالات :

(i) حکیم اجمل خاں کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟

(ii) حکیم اجمل خاں کیسے انسان تھے ؟

(iii) حکیم اجمل خاں کی ذہانت کا عالَم کیا تھا ؟

(iv) حکیم اجمل خاں کے والد اِن کو کس نام سے پکارتے تھے ؟

(v) حکیم اجمل خاں کے والد حکیم محمود خاں نے کون سا مدرسہ جاری کیا ؟

**VIII.** درجِ ذیل کسی ایک عنوان پر **15** تا **20** جملوں پر مشتمل ایک مضمون تحریر کیجئے : **1 x 5 = 5**

46. میرا پسندیدہ کھیل

یا

ماحول کی آلودگی

**IX.** خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے : **1 x 5 = 5**

47. اپنے میر مدرس کے نام ایک درخواست لکھئے جس میں سندِ تبادلہ (T. C.) طلب کی گئی۔

یا

اپنے والد/ والدہ کے نام ایک خط لکھئے جس میں اِمتحان کی فیس طلب کی گئی ہو۔